بہترین و نایاب شاہکار

حسن کا چور

हुस्न का चोर

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری:- پاکیزہ دِل ایک جنت ہے لیکن مُفلس گنج کا نامی چور کم پیر اسکے اِس فرمان کو مذاق ہی سمجھتا ہے۔ وقت آیا کہ وہ شاہی حمام باغ میں شہزادی حُسنا کے زیورات چرا لیتا ہے۔ مگر حُسنا کی ایک کافر ادا سے خود بھی لُٹ جاتا ہے۔ اور وہ شہزادہ بنکر شاہی محل تک جا پہنچتا ہے۔ آگے پردۂ فلم پر دیکھیں۔

گانے حُسن کا چور کے

نمبر ۱

دُنیا میں ہیں پیارے پیارے دولت کے
بائیں ہاتھ کے دھندے ؎
سارے دولت کے
امان ہیلی بابا تیلی۔ سب متوارے دولت کے
جہاں دیکھو وہاں دیکھو پھندے سارے دولت کے۔
دولت سب کے عیب چھپائے دولت کا ہے بول بالا۔
چار دنوں کی چاندنی ہیں اسکی روشنی سب سے اعلیٰ!
ساری دُنیا چلتی ہے سہارے دولت کے
یہ دولت ایمان خریدے۔ یہ دولت انسان خریدے

دولت والا ٹکے میں مفلس کے ارمان خریدے۔
بڑے غضب کے کھیل ہیں۔ نیارے نیارے دولت کے۔
دولت کے ہیں سب دیوانے۔ ایک شمع ہے لاکھ پروانے
دنیا میں ہیں اس نشے کے گلی گلی میں میخانے
رنگ رنگیلے ہیں۔ ہمارے ہمارے دولت کے۔
وفاداری، جفاداری، طلبگاری۔ پرستاری۔ دولت سے
رشتہ داری، عزت داری، برخورداری، مزیداری۔ دولت سے
تابعداری۔ گنہگاری، خدمتگاری۔ مارا ماری۔ دولت سے
کیا قیامت ہیں اشارے۔ واہ رے دولت کے...

نمبر ۲

دھیرے دھیرے دل میں سما دل کی دھڑکن یہ کہہ رہی ہے۔
چھپکے چھپکے آنکھیں ملا۔ دل کی دھڑکن یہ کہہ رہی ہے۔
ایک اشارہ کر دو تو لا دوں۔ آسماں کے یہ ستارے
کہو تو چن چن کے الفت کی کلیاں ہار پہنا دوں گلے تمہارے
تھوڑی تھوڑی الفت جتا۔ دل کی دھڑکن یہ کہہ رہی ہے۔
ہاتھوں میں جو ہاتھ لیا ہے۔ دیکھو چھوٹ نہ جائے۔
بڑا ہی نازک دل کا شیشہ، دیکھو ٹوٹ نہ جائے۔

حسن کا چور

ایسی باتیں لب پہ نہ لا، دل کی دھڑکن .....

نمبر ۳

او دُنیا بنانے والے۔ بتا انجام ہمارا کیا ہوگا۔
تقدیر خفا، تدبیر خفا۔ جیسے کا سہارا کیا ہوگا۔
ہنس ہنس کے ہمیں کوئی لوٹ گیا، قسمت کا ستارا ٹوٹ گیا۔
اے فلک بتا بربادی کا۔ اب اور اشارہ کیا ہوگا۔
گذرے ہوئے دن تڑپانے لگے۔ ان آنکھوں میں آنسو آنے لگے۔
روتی ہوئی آنکھوں کے آگے۔ ساون کا نظارہ کیا ہوگا۔

نمبر ۴

دل لگانے والے آپ سے ہزاروں ہیں۔ اجی اُنہیں سے ہم بھی ایک ہیں
آپ سے بولے رو رو کے لیلیٰ۔ پڑ گیا ہجر میں رنگ میلا۔
ہوا جل جل کے مجنوں بھی میلا، عشق جفا کے تیر چلا کے زخمی کر دو چھیلا
تیر چلانیوالے آپ سے ہزاروں ہیں۔ اجی اُن میں سے ہم بھی ایک ہیں۔
غم کھانے والے آپ سے ہزاروں ہیں۔ اجی اُن میں سے.....
مارو سر پہ محبت کا ڈنڈا۔ عشق ہو جائیگا اس کا ٹھنڈا
آنکھ ملا کے پاس بُلا کے۔ مارو سر پہ ڈنڈا۔
مار کھانے والے آپ سے ہزاروں ہیں۔ اجی اُنہیں سے.....

حسن کی چھا رہی ہے قیامت - حسن کی چھا رہی .....
لاکھوں کی ہو گئی ہے حجامت - دل گھر لئے - سر جھکائے -
سر ہیں سلامت
سر منڈانے والے آپ سے ہزاروں ہیں - اجی امین سے...

نمبر ۵

او جانے والے - او جانے والے - کسی کا سلام لیتا جا -
ہر اشک کہتا ہے ، دل کا پیام لیتا جا -
تیرے بغیر محبت کی آبرو نہ رہے گی -
تیری جدائی میں جینے کی آرزو نہ رہے گی
جو دی تھیں تو نے خوشیاں - وہ تمام لیتا جا - او.....
او جانے والے کیا تجھے یہ حسن ، یہ جوانی دوں
راہ عشق میں تو بتا - کیا تجھے نشانی دوں -
دل میں چھپا کے محبت کا نام لیتا جا - او......

نمبر ۶

ہو گیا تیرے مجنوں کو عشق کا بخار - ہائے - ہائے - رے ہائے
ہوئے ہوئے رے ہوئے - ذرا اپنی نبض مجھے دکھا - او بیمار
ارے او مریض کھایا تھا کیا تیر نظر - تیر نظر

ارے او مریض پیا سفا کیا۔ خون جگر۔ خون جگر
ارے او مریض دیکھی تھی کیا پتلی کمر۔ پتلی کمر۔
تجھے بھوت بن کے چمٹ گیا ہے۔ کسی کا پیار۔ کسی کا پیار
میں کوئی حکیم بلاتی ہوں۔ تیرے دل کا درد مٹاتی ہوں۔
او حسینہ۔ او حسینہ وقت نہ بیکار کھو۔
میں مریض عشق ہوں۔ میری دوا پردے میں ہو۔
اس طرح سے کس طرح کروں تیرا اعتبار۔ ہو گیا.....
میرا مجنوں شور مچائے رے۔ میرا صنم تو بچھڑا جائے رے۔
کوئی جائے رے۔ کوئی جائے رے۔ جائے بچائے رے۔
نہیں کچھ جان ہے باقی۔ محبت کرنے والے ہیں۔
خدا بخشے بہت ہی خوبیاں تھیں مرنے والے میں
چھوڑ لیلیٰ کا در۔ اس کو اللہ کے گھر آج جانا پڑا۔
لاکھ چکر لئے مگر۔ بوجھ اس کا مگر آج اٹھانا پڑا۔
اتر گیا میرے مجنوں کا عشق کا بخار۔ ہائے ہائے رے
ہوئے ہوئے رے۔

تمت بخیر

ہو سنگدل زمانے مجھے کیوں رلاتا ہے۔

میرے پیار کی دُنیا پہ کیوں بجلی گراتا ہے۔
بُجھایا تیری محبت نے چراغِ زندگی میرا
محبت نے لیا ہے لوٹ باغِ زندگی میرا
ہر آنسو میرا غم کا فسانہ سُناتا ہے۔ او......
جس دل میں بسے وہ اُس دل میں کوئی آ نہیں سکتا۔
تصوّر اُن کا اب آنکھوں سے میری جا نہیں سکتا
کیوں پیار کا دامن زمانہ چھڑاتا ہے۔ او......

(ختم شد)

صنعت وحرفت کے خفیہ راز

اس کتاب میں مصنف نے اپنی معلومات کا خزانہ جمع کردیا ہے۔
کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا
چند دنوں کے اندر مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ، جاپان
کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے، سینکڑوں اشیا
بنانے کے قیمتی نسخے، صابن، تیل، کریم، پاوڈر، اور روز مرہ
زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے نیز بکری کرنے
کے طریقے بھی درج کئے گئے ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک
جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو
ہزاروں روپے کی تجارت سکھلا کر مالدار بنا چکی ہے۔
قیمت صرف -/۱/۱ع محصول ڈاک -/۱/۱

ملنے کا پتہ :-

رتن اینڈ کو بکسیلرز۔ دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)